نوٹس

بعدالت جناب عبدالرؤف خان ڈپٹی کمشنر، سی۔ڈی۔اے، اسلام آباد

نوٹس زیر دفعہ: سی ڈی اے آرڈیننس 1960 دفعہ 46-46A-B-49C،

ہرگاہ نوٹس ہذا کے ذریعے موضع ملپور کے سی ڈی اے لینڈ پر ناجائز قابضین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ موضع ملپور سالم ایکوائرڈ شُدہ سی ڈی اے ہے اور بعداز ایوارڈ، زمین اور مکانات کا معاوضہ متاثرین کو ادا کر دیا گیا ہے۔ موضع ملپور کی حدود، موضع کوٹ ہتھیال اور موضع موہڑہ نور (غیر ایکوائرڈ شُدہ) کے ساتھ ملتی ہیں، حسب استدعا سی ڈی اے محکمہ مال نے ایکوائرڈ شُدہ اور غیر ایکوائرڈ شُدہ کی حد بندی کر کے رپورٹ نشاندہی ارسال کر دی ہے اس رپورٹ کے مطابق آپ سی ڈی اے ایکوائرڈ شُدہ لینڈ موضع ملپور پر ناجائز قابض ہیں، لہٰذا آپ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ فوری طور پر ناجائز قبضہ سی ڈی اے اراضی سے ختم کر دیں۔ بصورت دیگر قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کی جبری بے دخلی عمل میں لائی جائے گی۔ توقف ہرگز نہ ہو، اس امر میں تاکید جانیں۔

میرے حکم سے جاری ہوا۔

COURT OF DEPUTY COMMISSIONER
CDA ISLAMABAD

ڈپٹی کمشنر

سی ڈی اے، اسلام آباد

مورخہ 07 اکتوبر 2026

کاپی برائے اطلاع و مزید قانونی کاروائی برخلاف ناجائز قابضین، سی ڈی اے لینڈ، موضع ملپور

ڈائریکٹر انفورسمنٹ، سی ڈی اے